Nestlé

# NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 46th Annual General Meeting of Nestlé Pakistan Limited ("Company"); will be held at 12:00 noon on Wednesday, April 18, 2024, at Company's Head Office, Packages Mall, Shahrah-e-Roomi, PO Amer Sidhu, Lahore, to transact the following business:

Members are encouraged to attend the AGM through the video conference facility managed by the Company (please see the notes section for details).

**ORDINARY BUSINESS:**

1- To confirm minutes of the 45th Annual General Meeting of the Company held on April 17, 2023.

2- To receive, consider, and adopt the Audited Accounts of the Company for the year ended December 31, 2023, together with the Directors' and Auditors' reports thereon.

As required under section 223(7) of the Companies Act, 2017, the Financial Statements of the Company have been uploaded on the website of the Company which can be downloaded from the following link:

**SCAN ME**

https://www.nestle.pk/investors/financialreports

3- To appoint Auditors for the term ending at the conclusion of the next Annual General Meeting and to fix their remuneration. The retiring Auditors M/s. EY Ford Rhodes, Chartered Accountants being eligible have offered themselves for re-appointment.

4- To approve payment of Final Cash Dividend of Rs. 19 per share i.e., 190% to those who are Shareholders as at the close of business on April 10, 2024, in addition to the 1740% Interim Cash Dividend (i.e. Rs. 174 per share) already paid during the year 2023, as recommended by the Directors.

**Special Business:**

5- To consider, and if deemed fit, to pass with or without any amendment/modification the following resolution as a special resolution, to obtain consent from the members for the transmission of the annual audited account through QR-enabled code and weblink, as allowed under S.R.O. 389 (I)/2023 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.

RESOLVED THAT, notice of meeting shall be dispatched to members as per requirements of the Act, on their registered address, containing the QR code and the weblink address to view and download the annual audited financial statements together with the reports and documents required to be annexed thereto under the Act.

RESOLVED THAT, the Company shall be considered compliant with the relevant requirements of section 223(6) of the Companies Act, 2017 by sending the Audited Financial Statements through e-mail and/or sending a notice of meeting containing a QR- code and the weblink address. In case a hard copy of Audited Financial Statements and/or Notice of the AGM of the Company is desired, a specific request for the same will be made.

FURTHER RESOLVED THAT the Company Secretary/ Deputy Company Secretary be and is hereby authorized to do all necessary acts, deeds, and things in connection therewith and ancillary thereto as may be required or expedient to give effect to the spirit and intent of the above resolution.

FURTHER RESOLVED THAT the action taken by the Company to dispatch financials for the year ended December 31, 2023, through QR-enabled code shall be deemed approved as post-facto approval, subject to the confirmation of the shareholders.

Any Other Business:

6- To transact any other business with the permission of the Chair.

**BY ORDER OF THE BOARD**

Ali Sadozai

Company Secretary — Dated: March 25, 2024

**NOTES:**

i) Share Transfer Books of Nestlé Pakistan Limited ("Company") shall remain closed from April 11, 2024, to April 18, 2024 (both days inclusive) and no transfer will be registered during that time. Share transfer deeds received in order with the Share Registrar of the Company, , i.e. CDC Share Registrar Services Limited (CDCSRSL), CDC House, 99-B, Block 'B', S.M.C.H.S., Main Shahra-e-Faisal, Karachi-74400 at the close of business on April 10, 2024, will be treated in time for entitlement of payment of Final Cash Dividend.

ii) A member entitled to attend and vote at the Annual General Meeting ("Meeting") is entitled to appoint another member as a proxy to attend and vote on his/ her behalf. In the case of a corporate entity, being a member may appoint as its proxy any of its official or any other person whether a member of the Company or not through Board Resolution/ Power of Attorney and should be received at the Registered Office of the Company at Nestlé Pakistan Limited, Packages Mall, Shahrah-e-Roomi, Amer Sidhu, Lahore, or email scanned copies of the same at not later than forty-eight (48) hours before the Meeting.

iv) In case of appointment of proxy by CDS account holders it must be accompanied by the participants' ID number and Account/Sub-account number along with attested photocopies of CNIC or the Passport of the beneficial owner. Representatives of Corporate Members should e-mail the usual documents required for such purposes through the e-mail address.

vi) Shareholders are requested to notify the change of address, Zakat Declaration, , and Tax Exemption Status with its valid certificate, if any, immediately.

vii) In case of joint holders, only one member whose name will appear as the main title shareholder in our list of shareholders, will be allowed to attend the General Meeting.

viii) There was no investment made by the Company in its Associated Companies/ Undertaking during the year 2022, hence no update is required to be made as part of the Annual Report which is required under Regulations 4 and 6 of the Companies (Investment in Associated Companies or Associated Undertakings) Regulations, 2019.

**SPECIAL NOTES TO THE SHAREHOLDERS:**

viii) **WITHHOLDING OF PAYMENT OF DIVIDEND - SUBMISSION OF COPIES OF CNIC (URGENT & MANDATORY):**

As per SECP directives, the dividend of shareholders whose valid CNICs, are not available with the Share Registrar could be withheld. All shareholders having physical shareholding are therefore advised to submit a photocopy of their valid CNICs immediately, if already not provided, to the Company's Share Registrar without any further delay.

ix) **DEDUCTION OF INCOME TAX FROM DIVIDEND UNDER SECTION 150 OF INCOME TAX ORDINANCE 2001:**

As per the provisions of Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 ("Ordinance"), whereby, different rates are prescribed for the deduction of withholding tax on the amount of dividend paid by the Companies. The current withholding tax rates are (a) For Filers: 15% (b) For Non-Filers: 30%

To facilitate the Company in implementing a reduced tax deduction rate of 15% for Cash Dividends instead of 30%, shareholders classified as Filers, yet not listed in the Active Tax-payers List (ATL) by the Federal Board of Revenue (FBR) website, are urged to ensure their inclusion in the ATL before the issuance of Dividend Warrants.

Corporate Shareholders with CDC accounts must update their National Tax Numbers (NTN) with their participants, while physical shareholders should send NTN certificates to the Company or its Share Registrar, CDCSRSL. When submitting NTN or certificates, shareholders must include the company name and their respective Folio Numbers.

As per FBR clarification, with holding tax on jointly held shares is determined based on Principal shareholder and Joint-holder(s) "Filer/Non-Filer" status and respective shareholding proportions. Shareholders holding shares jointly must provide shareholding proportions to the Company's Share Registrar in writing.

i) **PAYMENT OF CASH DIVIDEND THROUGH ELECTRONIC MODE: (MANDATORY)**

Pursuant to Section 242 of the Companies Act, 2017, all listed companies are obligated to distribute cash dividends solely through electronic means, directly to shareholders' designated bank accounts. Shareholders seeking direct deposit are required to complete the ELECTRONIC CREDIT MANDATE FORM available on the Company's website and submit it, along with a signed copy of their CNIC, to the Share Registrar (CDCSRSL) for physical shares or to their broker/participant/CDC account services for shares held in CDC.

**In case of non-receipt of IBAN detail, the Company will be constrained to withhold payment of dividends under the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017.**

ii) **UNCLAIMED DIVIDENDS AND SHARES (IMPORTANT & MANDATORY)**

Shareholders are informed of unclaimed dividends and shares. Those who have not collected their dividends/shares should contact Share Registrar. As per Section 244(2) of the Act, unclaimed dividends after three years or more will be credited to the Federal Government, and unclaimed shares will be delivered to SECP.

iii) **TRANSMISSION OF ANNUAL REPORT:**

The Audited Financial Statements for the year ended December 31, 20232, are accessible on the Company's website (https://www.nestle.pk/), along with previous years' Annual and Quarterly financial statements. Additionally, the Annual Report for the year 2023 has been emailed to shareholders with valid email IDs registered with the Share Registrar (CDCSRSL), and dispatched Notice of AGM with a QR Code to access same to those without updated email IDs.

Shareholders may request a hard copy of the Annual report, which will be provided within seven (07) days upon receipt of such request. A "Standard Request Form is also available on the Company's website for shareholder convenience.

Xiv) **CONVERSION OF PHYSICAL SHARES IN TO CDC ACCOUNT:**

The Shareholders having physical shareholding are encouraged to place their physical shares into scripless form as defined in Section 72(2) of the Act i.e., "Every existing company shall be required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by SECP, within a period not exceeding four years from the commencement of the Act." (i.e., May 31, 2017)

**The Shareholders having physical shareholding may open CDC sub-account with any of the broker or investor account directly with CDC to place their physical share into scripless form.**

iv) **PARTICIPATION IN AGM**

Shareholders must update their valid email addresses with the Share Registrar, CDCSRSL by March 30, 2024. Detailed procedure for attendance in the Annual General Meeting will be emailed directly to the shareholders with valid email IDs, and will be available on the Company's website.

Shareholders who wish to attend the AGM must send verification information from their registered email address to investor.relations@pk.nestle.com latest by April 05, 2024.

| S. NO. | NAME OF THE SHAREHOLDER | CNIC NUMBER | FOLIO NUMBER | CELL NUMBER | REGISTERED E-MAIL ADDRESS |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

In accordance with Section 132(2) of Act, if the companies receive consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding residing in a geographical location to participate in the meeting through video conference at least 7 days prior to the date of meeting, the Company will arrange video conference facility in that city

**STATEMENT OF MATERIAL FACTS PURSUANT TO SECTION 134(3) AND SECTION 166(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017**

The statement sets out the material facts concerning Special Business Item No. 05 of the Notice to be transacted at the Annual General Meeting dated April 18, 2024, has already been e-mailed/dispatched to the respective shareholders along with the Notice of AGM.

Nestlé

# نیسلے پاکستان لمیٹڈ

# نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ نیسلے پاکستان لمیٹڈ ("کمپنی") کا چھیالیسواں سالانہ اجلاس عام مندرجہ ذیل اُمور کی انجام دہی کیلئے 18 اپریل 2024 بروز جمعرات کو 12:00 بجے دوپہر کمپنی کے ہیڈ آفس پیکیجز مال، شاہراہِ رومی، پی وا مر سدھو، لاہور میں منعقد ہوگا۔

**''ممبران کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کی انتظام کردہ ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کریں۔ (تفصیلات کیلئے براہ مہربانی نوٹس کا متعلقہ سیکشن ملاحظہ فرمائیں)''**

**عمومی اُمور:**

QR Code

1۔ 17 اپریل 2023 کو منعقدہ کمپنی کے پینتالیسویں سالانہ اجلاس عام کے مندرجات کی توثیق۔

2۔ 31 دسمبر 2023 کو اختتام پذیر ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس بشمول ڈائریکٹران اور آڈیٹران کی رپورٹ، کی وصولی، بحث اور منظوری۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (7)223 کے مطلوبات کے مطابق کمپنی کے مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ پر اپلوڈ کیے گئے ہیں۔ جو مندرجہ ذیل لنک یا QR Code سے ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔

https://www.nestle.pk/investers/financialreports

3- آئندہ سالانہ اجلاس عام تک کمپنی کے آڈیٹران کا انتخاب اور ان کے مشاہرے کا تعین۔ Messrs EY Ford Rhodes Chartered Accountants نے اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ تقرری کی پیشکش کی ہے۔

4۔ ڈائریکٹران کی تجویز کی روشنی میں 10 اپریل 2024 کو کاروبار کے اختتام پر حقدار شیئر ہولڈرز کو 19 روپے فی شیئر 190 فیصد کے حساب سے کمپنی نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کی منظوری۔ یہ منافع منقسمہ سال 2023 کے دوران ادا کئے جانے والے عبوری منافع منقسمہ 1740 فیصد (174 روپے فی شیئر) کے علاوہ ہے

**خصوصی اُمور:**

5۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے SRO389(I)/2023 کے مطابق سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹ کی بذریعہ QR-enabled کوڈ اور ویب لنک ترسیل کیلئے ممبران کی رضامندی حاصل کرنے کیلئے درج ذیل قرارداد کی بطور خصوصی قرارداد ترامیم/تبدیلی کے ساتھ/بغیر منظوری کیلئے غور وفکر۔ قرار پایا کہ ایکٹ کے مطلوبات کے مطابق اجلاس کا نوٹس ممبران کو اُنکے رجسٹرڈ پتہ پر ارسال کیا جائے اور اس میں ایکٹ کے مطابق بیان کردہ مطلوبہ سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشوارے بشمول رپورٹس اور دستاویزات جائزہ اور ڈاؤن لوڈنگ کیلئے شامل ہوں۔ قرار پایا کہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی بذریعہ ای میل اور/یا اجلاس کے نوٹس بشمول QR کوڈ اور ویب لنک ایڈریس کی ترسیل سے کمپنی کو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (6)223 کے متعلقہ تقاضوں پر عمل پیرا سمجھا جائے گا۔ اگر آڈٹ شدہ مالی گوشواروں اور/یا سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کی ہارڈ کاپی مطلوب ہو تو اس کیلئے ایک مخصوص درخواست جمع کروائی جائے گی۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی سیکرٹری/ڈپٹی کمپنی سیکرٹری مندرجہ بالا قرارداد کی روح برقرار رکھنے اور عملدرآمد کیلئے لازمی یا مناسب تمام اقدامات، کارروائیاں اور چیزیں کرنے کا مجاز ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کی جانب سے 31 دسمبر 2023 کو اختتام پذیر ہونے والے سال کیلئے مالی گوشواروں کی بذریعہ QR-enabled کوڈ ترسیل کیلئے اٹھائے گئے اقدامات حصص یافتگان کی تصدیق سے مشروط post-facto منظوری کے طور پر قابل قبول تصور ہوں گے۔

**دیگر اُمور:**

6۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر اُمور پر گفت وشنید۔

**بحکم بورڈ**

علی سدوزئی

کمپنی سیکرٹری

تاریخ: 25 مارچ 2024

**نوٹس:**

i۔ نیسلے پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) کی شیئرز منتقلی کی کتابیں 11 اپریل 2024 سے 18 اپریل 2024 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی اور اس دوران شیئرز کی کوئی منتقلی نہیں کی جائے گی۔ حصص کی ادائیگی کیلئے 10 اپریل 2024 تک نیسلے پاکستان لمیٹڈ کے شیئر رجسٹرار کاروباری اوقات کار میں وصول ہونے والے شیئرز ہی ادائیگی کیلئے بروقت متصور ہوں گے۔

ii۔ ایسے ممبران جو سالانہ اجلاس عام (اجلاس) میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں، اپنی بجائے کسی اور شخص کا شمولیت اور حق رائے دہی کیلئے بطور پراکسی تقرر کر سکتے ہیں۔ کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں ممبر ہونے کے ناطے اپنے کسی افسر یا دیگر فرد کو (خواہ وہ کمپنی کا ممبر ہو یا نہ ہو) بورڈ کی قرارداد/پاور آف اٹارنی کے ذریعے پراکسی مقرر کیا جاسکتا ہے۔

iii۔ پراکسی تقرری کیلئے سٹیمپ/دستخط شدہ اور مشاہدہ کردہ فارم ہمارے رجسٹرڈ آفس نیسلے پاکستان لمیٹڈ، پیکیجز مال، شاہراہِ رومی، امر سدھو، لاہور یا سکین شدہ نقول بذریعہ ای میل اجلاس سے 48 گھنٹے قبل پہنچ جانے چاہییں۔

iv۔ ایسے اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے پراکسی کی تقرری ہونے کی صورت میں شمولیت اختیار کرنے والے کی شناختی کارڈ کی نقل اور اکاؤنٹ/ذیلی اکاؤنٹ نمبر بمع اصل مالک کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی نقول تصدیق کیلئے ای میل کریں۔ کارپوریٹ نمائندہ ہونے کی صورت میں وہ عمومی دستاویزات جو ان مقاصد کیلئے ضروری ہوتی ہیں، اُس ای میل ایڈریس سے ای میل کریں

v۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ پتہ میں تبدیلی، زکوٰۃ کا بیانیہ اور ٹیکس سے استثنیٰ وغیرہ کے متند سرٹیفکیٹس فی الفور ہمارے شیئر رجسٹرار کے علم میں لائیں۔

vi۔ مشترکہ شیئر ہولڈرز ہونے کی صورت میں صرف اس رکن کو اجلاس میں شرکت کی اجازت دی جائے گی جس کا نام ہماری فہرست میں مرکزی شیئر ہولڈر کے طور پر ظاہر ہوگا۔

vii۔ سال 2022 کے دوران کمپنی نے اپنی شراکت دار کمپنیوں/انڈرٹیکنگز میں کسی قسم کی سرمایہ کاری نہیں کی، لہٰذا کمپنیز (شراکت دار کمپنیوں یا شراکت دار انڈرٹیکنگز) ریگولیشنز 2019 کی شق 4 اور 6 کے تحت درکار اپ ڈیٹ سالانہ رپورٹ کا حصہ نہیں ہے۔

**خصوصی نوٹس برائے شیئر ہولڈرز:**

viii۔ **حصص کی ادائیگی روکنا۔ شناختی کارڈ کی نقول جمع کروانا (فوری اور لازمی):**

SECP کے احکامات کے مطابق ایسے شیئر ہولڈرز جن کے مستند شناختی کارڈز کی نقول شیئر رجسٹرار کے پاس موجود نہیں ہیں، اُن کے حصص روکے جاسکتے ہیں۔ فزیکل شیئر ہولڈنگ کے حامل تمام شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے مستند شناختی کارڈ کی نقل (اگر پہلے جمع نہیں کروائی گئی تو) فوری شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (CDCSRS) میں بلاتاخیر جمع کروائیں۔

ix۔ **انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے تحت حصص سے انکم ٹیکس کی کٹوتی:**

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق 150 کے ضوابط کے مطابق کمپنیز کے ادا کردہ حصص کی رقم پر وِدہولڈنگ ٹیکس کٹوتی کیلئے مختلف شرحیں مقرر کی گئی ہیں۔ وِدہولڈنگ ٹیکس کی موجودہ شرح درج ذیل ہے:

a۔ انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروانے والوں کیلئے 15 فیصد

b۔ انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کیلئے 30 فیصد

اس امر کو یقینی بنانے کیلئے کہ کمپنی حصص کی ادائیگی پر ٹیکس کی کٹوتی 30 فیصد کی بجائے 15 فیصد کے حساب سے کرے، ایسے تمام شیئر ہولڈرز جو انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرتے ہیں مگر ان کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) میں درج نہیں ہیں کہ وہ اپنے منافع کی ادائیگی کی تاریخ سے پہلے اے ٹی ایل میں نام درج کروالیں۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ کے حامل کارپوریٹ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے متعلقہ شرکاء کے ساتھ نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) اپ ڈیٹ کریں، جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹس کی نقل کمپنی یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کریں۔

مشترکہ شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز کے لیے، ایف بی آر کی جانب سے جاری کی گئی وضاحت کے تحت ٹیکس گوشوارے ظاہر کرنے اور ٹیکس گوشوارے ظاہر نہ کرنے والوں کے سٹیٹس کے مطابق، پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈر کے حصص کی مقدار کے تناسب سے وِدہولڈنگ ٹیکس لاگو کیا جائے گا۔ اس لیے تمام شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈرز اور جوائنٹ شیئر ہولڈر(ز) کے حصص میں تناسب کے بارے میں شیئر رجسٹرار کو آگاہ کریں۔

x۔ **حصص کی الیکٹرانک ذریعے سے ادائیگی: (لازمی)**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 242 کے تحت حصص کی براہِ راست بینک اکاؤنٹ میں وصولی کیلئے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم (فارم) مکمل کریں اور فزیکل شیئرز کی صورت میں مکمل دستخط شدہ فارم قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ کمپنی کے شیئر رجسٹرار (CDCSRSL) کو ارسال کریں۔ سی ڈی سی میں شیئرز رکھنے کی صورت میں الیکٹرانک کریڈیٹ مینڈیٹ فارم (فارم) شیئر ہولڈر کے بروکر/شرکت دار/سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز کو براہ راست جمع کروائیں۔ IBAN کی معلومات وصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنی شیئر ہولڈر کو کمپنیز (حصص کی تقسیم) ریگولیشنز 2017 کے تحت حصص کی ادائیگی روکنے کی پابند ہوگی۔

xi۔ **غیر دعویٰ شدہ حصص اور شیئرز (اہم اور لازمی):**

ایسے شیئر ہولڈرز جو اپنے حصص/شیئرز وصول نہیں کر سکے اُن سے درخواست ہے کہ وہ غیر دعویٰ شدہ حصص یا شیئرز کی وصولی/معلومات کیلئے نیسلے شیئر رجسٹرار، CDCSRSL سے رابطہ کریں کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کی تعمیل کے مطابق حصص کی مقررہ اور قابل ادائیگی تاریخ سے تین سال کی معیاد پوری ہونے کے بعد یہ حصص وفاقی حکومت کے اکاؤنٹ میں جمع کروا دیئے جائیں گے۔ جبکہ غیر وصول شدہ شیئرز SECP کے حوالے کر دیئے جائیں گے۔

xii۔ **سالانہ رپورٹ کی ترسیل:**

31 دسمبر 2023 کو اختتام پذیر ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشوارے بشمول گزشتہ سالوں کیلئے سالانہ اور سہ ماہی مالی گوشوارے ویب سائٹ https://www.nestle.pk پر دستیاب ہیں۔ مزید براں 31 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے سال کیلئے سالانہ رپورٹ متعلقہ شیئر ہولڈرز کو کمپنی کے شیئر رجسٹرار (CDSRSL) کے پاس فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر ارسال کردی گئی ہیں اور جن کے تازہ ای میل ایڈریس اپ ڈیٹ نہیں ہیں اُنکو سالانہ اجلاس کا نوٹس QR-code اور ویب لنک کے ہمراہ بھیج دیا گیا ہے۔ تاہم اگر کوئی شیئر ہولڈر سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی ہارڈ کاپی کیلئے درخواست کرتا ہے تو وہ اُسے درخواست کے 7 یوم کے اندر فراہم کردی جائے گی۔ شیئر ہولڈرز کی آسانی کیلئے ایک "سٹینڈرڈ درخواست فارم برائے فراہمی سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس" بھی کمپنی کی ویب سائٹ https://www.nestle.pk پر دستیاب ہے۔

xiii۔ **فزیکل شیئرز کی سی ڈی سی اکاؤنٹ میں تبدیلی:**

ایکٹ کے سیکشن (2)72 تمام کمپنیوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنے فزیکل شیئرز کو ایکٹ کے لاگو ہونے کی تاریخ (31 مئی 2017) سے 4 سال کے عرصہ کے دوران ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق مخصوص طریقہ کار کے تحت بک انٹری فارم میں تبدیل کریں"، تمام شیئر ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز Scripless حالت میں رکھیں۔ فزیکل شیئر رکھنے والے شیئر ہولڈرز اپنے فزیکل شیئرز کی Scripless شکل میں تبدیلی کیلئے سیڈی سی کے ساتھ کسی بھی بروکر یا انویسٹر اکاؤنٹ کے ذریعے ذیلی سی ڈی سی اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں۔

xiv۔ **سالانہ اجلاس عام میں شرکت:**

شیئر ہولڈرز مورخہ 31 مارچ 2024 تک اپنے کارآمد ای میل ایڈریس شیئر رجسٹرار CDCSRSL کے پاس اپ ڈیٹ کروائیں۔ اجلاس میں شرکت کے تفصیلی طریقہ کار کے بارے میں مستند ای میل ایڈریس فراہم کرنے والے شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ای میل ایڈریس آگاہ کر دیا جائے گا اور اس کے علاوہ یہ کمپنی کی ویب سائٹ پر انویسٹر ریلیشنز سیکشن میں بھی موجود ہوگا۔

جن شیئر ہولڈرز نے کمپنی یا شیئر رجسٹرار CDCSRSL کے پاس اپنے ای میل ایڈریس پہلے ہی اپ ڈیٹ کروا دیئے ہیں اور وہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے خواہشمند ہیں، اُن سے گزارش ہے کہ وہ رجسٹریشن کیلئے 05 اپریل 2024 تک اپنے رجسٹرڈ مستند ای میل سے شیئر ہولڈرز/تعینات کردہ پراکسی کی تصدیق درج ذیل معلومات کی فراہمی سے کریں۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق (2)132 کے تحت اگر کمپنی کے 10 فیصد یا زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران (جو جغرافیائی اعتبار سے ایک ہی شہر میں رہتے ہوں) اجلاس میں بذریعہ ویڈیو کانفرنس شرکت کے خواہشمند ہوں تو وہ سالانہ اجلاس عام سے سات روز قبل اپنی درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔

**کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)134 اور سیکشن (3)166 کے مطابق مادی حقائق کا بیان:**

جو کہ شیئر ہولڈرز کو ان کے دیئے ہوئے ای میل/پتہ پر سالانہ اجلاس کے ہمراہ بھیج دیئے گئے ہیں۔

چیئرمین، خود مختار ڈائریکٹرز اور نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز اس خصوصی اُمور میں کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو سالانہ مالیاتی گوشواروں کی وصولی کی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ چیئرمین اور ڈائریکٹرز اس خصوصی کاروبار میں کسی قسم کی دلچسپی نہیں رکھتے۔ "قرار پایا کہ کمپنی اپنے ممبران کو سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے QR-enabled کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ارسال کرے گی اور سالانہ گوشواروں کی سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی کے ذریعے ترسیل پرانی ٹیکنالوجی ہونے کی بابت ترک کر دے گی۔ مزید یہ قرار پایا ہے کہ کمپنی سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن نوٹیفکیشن S.R.O.389 (I)/2023 بتاریخ 21 مارچ 2023 پر ہر وقت عملدرآمد کرے گی اور ممبران کو سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کی ترسیل اور سالانہ رپورٹ کی سرکولیشن کے سلسلہ میں دیگر تمام قابل اطلاق قوانین کی تعمیل کرے گی"۔